فوری ریلیز کے لیے: 2023/17/8 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے طویل مدتی انرجی اسٹوریج ٹیکنالوجی سے متعلقہ حلوں میں پیشرفت کرنے والے چار عملی مظاہرہ منصوبوں کے لئے تقریباً 15$ ملین ڈالر کے ایوارڈز کا اعلان کر دیا

اضافی 8.15$ ملین کی رقوم اب تک کمرشلائز نہ کی جانے والی ایسی ٹیکنالوجیز کے لئے دستیاب ہیں جو ہائیڈروجن، الیکٹرک، کیمیکل، مکینیکل یا تھرمل الیکٹرک اسٹوریج ٹیکنالوجیز میں تحقیقی و پیشرفت کر رہی ہیں، انہیں تیار کر رہی ہیں، یا ان کے فیلڈ ٹیسٹ کر رہی ہیں

اس سے کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے اس ہدف کی حمایت ہو رہی ہے جو 2030 تک 3000 میگاواٹ انرجی اسٹوریج نصب کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے اور اس کی 6000 میگاواٹ تک مزید ترقی میں مدد دے گا.

گورنر Kathy Hochul نے آج عملی مظاہرہ کرنے والے چار منصوبوں کے لئے تقریباً 15$ ملین ڈالر کے ایوارڈز کا اعلان کیا جو توانائی ذخیرہ کرنے کے طویل المدتی حلوں میں پیشرفت کریں گے اور نیو یارک کے الیکٹرک گرڈ کو ذخیرہ شدہ قابل تجدید توانائی کے استعمال اور فراہمی میں مدد دیں گے۔ ان ایوارڈز کے علاوہ، جدید طویل المدتی انرجی اسٹوریج سلوشنز، ڈیوائسز، سافٹ ویئر، کنٹرولز اور دیگر تعریفی ٹیکنالوجیز کی حمایت کے لیے 8.15$ ملین ڈالر ز کی فنڈنگ کا اعلان بھی کیا گیا ہے۔ پروجیکٹ کے متعلق تجاویز جمع کروانے والوں کو چاہیے کہ وہ ہائیڈروجن، برقی، کیمیائی، مکینیکل یا تھرمل الیکٹرک اسٹوریج کی ایسی ٹیکنالوجیز میں تحقیق اور پیشرفت کریں، انہیں تیار کریں یا ان کے فیلڈ ٹیسٹ کریں جو قابل تجدید انضمام کے چیلنجوں کو حل کرنے والی ہوں، مثلاً گرڈ میں بہت زیادہ بھیڑ بھاڑ ہو جانا، ہوسٹنگ کی استعداد میں حائل رکاوٹیں اور نیو یارک شہر میں سائٹنگ کے مسائل۔ آج کا اعلان کلائمیٹ لیڈرشپ اینڈ کمیونٹی پروٹیکشن ایکٹ کے 2030 تک 3000 میگاواٹ توانائی ذخیرہ کرنے والے ہدف کی حمایت کر رہا ہے جبکہ اس میں 6000 میگاواٹ تک مزید اضافہ کرنے کے لئے بھی سہولت فراہم کر رہا ہے۔

"توانائی ذخیرہ کرنے والی ہر ٹیکنالوجی کی پیش رفت متحجر ایندھن پر ہمارے انحصار کو کم کرتی ہے اور پوری ریاست کی کمیونٹیز میں قابل تجدید توانائی کو کامیابی سے ضم کرنے کی جانب پیش رفت کی نشاندہی بھی کرتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "آج کا اعلان جدت طرازی اور ٹیکنالوجی کی ترقی کے لئے ہمارے مسلسل عزم کی عکاسی کر رہا ہے جس کے ذریعے ہمیں توانائی سے آزاد ہونے کا موقع بھی ملے گا اور یہ امر بھی یقینی بنے گا کہ وسائل جب اور جہاں ان کی ضرورت ہو دستیاب رہیں۔"

نیو یارک اسٹیٹ انرجی ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی (NYSERDA) کے زیر انتظام، یہ ایوارڈز اور مسابقتی فنڈنگ کے مواقع توانائی ذخیرہ کرنے والی مصنوعات کی ترقی اوراس کا عملی مظاہرہ کرنے والے ان منصوبوں کی حمایت کر رہے ہیں جو 10 سے 100 گھنٹے سے زیادہ اور درجہ بندی شدہ بجلی پر متعدد دنوں کی مدت والے ہیں، جنہیں بطور متبادل طویل المدتی توانائی اسٹوریج کے طور پر جانا جاتا ہے۔

ایوارڈز
نوازے گئے منصوبوں میں شامل ہیں:

- **Ecolectro, Inc.:** $1.08 ملین – ان کے بالکل اچھوتے پولیمر کیمسٹری اور مواد کو بڑھانے کے لئے جن سے الیکٹرولیسیس کے ذریعے ہائیڈروجن پیدا کرنے کی لاگت کو نمایاں طور پر کم کرنے اور موجودہ ڈیزائنوں کے لئے ڈراپ ان متبادل پیدا کرنے کی توقع ہے۔ اس منصوبے میں 10 کلو واٹ (kW) کے الیکٹرولیسیس یونٹس کی تعمیر اور ٹیسٹنگ کے لئے انجینئرنگ اور توثیق کرنے والے پروٹو ٹائپ کے ساتھ لیبارٹری سے ثابت شدہ ٹیکنالوجیز میں پیشرفت کرنا شامل ہے۔ الیکٹرولائیزر یونٹ کو میسینا، نیو یارک میں Liberty Utilities کے اشتراک سے ایک پائلٹ عملی مظاہرے میں تعینات کیا جائے گا۔
- **Form Energy:** $12 ملین - کم لاگت، طویل المدتی توانائی ذخیرہ کرنے کی ایک نئی شکل کا تجارتی پیمانے پر، 10 میگاواٹ (1،000/ MW) میگاواٹ گھنٹہ (MWh) کا عملی مظاہرہ تیار کرنا، ڈیزائن کرنا اور تعمیر کرنا جو وقفے وقفے سے قابل تجدید وسائل کے انضمام کی حمایت بھی کر سکے اور گرڈ کو متعدد دنوں کی بلا تعطل، صفر کاربن اخراج والی بجلی بھی فراہم کر سکے۔ اس منصوبے میں لوہے-ہوا بیٹری کے مواد استعمال کیے جائیں گے جو محفوظ، وافر، انتہائی کم قیمت، اور موجودہ سپلائی چین سے عالمی سطح پر بڑھائے جانے کے قابل ہیں۔ پراجیکٹ کے مقام کا تعین ہونا ابھی باقی ہے۔
- **PolyJoule, Inc.:** $1.03 ملین - کوئنز ، نیو یارک میں واقع ایسٹوریا جنریٹنگ اسٹیشن پر Eastern Generation کے اشتراک سے 2 میگا واٹ، 167 کلو واٹ کا پولیجول طویل مدتی ماڈیولر بیٹری انرجی اسٹوریج سسٹم (BESS) نصب کرنا۔ عملی مظاہرہ کرنے والے اس منصوبے کا مقصد گنجان آباد شہری ماحول میں پولیجول کنڈکٹیو پولیمر BESS کی حفاظت، تکنیکی، آپریشنل اور معاشی خوبیوں کو ثابت کرنا ہے۔ اجازت، تنصیب، اور سہولت کے لازمی تقاضے تعیناتی کی لاگت میں کمی کے فوائد اور سائٹ کی لچک کا عملی مظاہرہ کریں گے۔ PolyJoule, Inc کا مقصد موسمی اتار چڑھاؤ کے دوران جمع کردہ اعداد و شمار کی جانچ اور تجزیے کے کئی پرتوں کے ذریعے سسٹم کی تکنیکی مضبوطی کو ثابت کرنا ہے جو نیو یارک ریاست میں کہیں بھی تعینات ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو۔
- **Urban Electric Power (UEP):** $703,965 - اس میں UEP کی پیٹنٹ شدہ ریچارج ایبل زنک الکلائن بیٹری ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے 100-kW/1-MWh BESS انسٹال کرنے کا ہدف مقرر شدہ ہے۔ مجوزہ BESS تجارتی اور صنعتی تنصیبات میں طویل مدت تک توانائی ذخیرہ کرنے والی ایپلی کیشنز (یعنی 10 سے 24 گھنٹے) کے لئے ڈیزائن کیا جائے گا۔ خاص طور پر، یہ BESS اصل صارفین کو بجلی کی پائیداری اور لچکداری فراہم کرے گا، زیادہ طلب کے اوقات میں توانائی میں کمی کی اجازت دے گا، اور طلب کے جوابی واقعات میں حصہ لے کر الیکٹرک گرڈ کی معاونت کرے گا۔ یہ پراجیکٹ پرل ریور، نیو یارک میں واقع ہے۔

فنڈنگ کے نئے مواقع

نئے جاری کردہ درخواست طلبی کے لئے ایوارڈز مصنوعات کی ڈویلپمینٹ، عملی مظاہرے کرنے والے منصوبوں، اور وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے کے لئے جمع کروائی والی درخواستوں میں شامل ہونے کی خاطر لاگت میں حصہ داری کی درخواستوں کے لئے دیئے جائیں گے۔ تجاویز 17 اکتوبر، 2023 کو ایسٹرن سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق سہ پہر 3:00 بجے تک قبول کی جائیں گی۔ اس درخواست طلبی کے متعلق اضافی معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک کی توانائی سے متعلق تحقیق اور ترقی کی اتھارٹی کی صدر اور سی ای او Doreen M. Harris نے کہا، "ہمارے ماحولیاتی اور صاف توانائی کے اہداف پورے کرنے کے لئے ہوا اور شمسی توانائی کو ذخیرہ کرنے کی ریاستی صلاحیت میں اضافہ لازمی ہے، خاص طور پر جب قابل تجدید توانائی کے منصوبوں کے آن لائن آنے سے گرڈ میں زیادہ توانائی کا بہاؤ آ رہا ہے۔ اس پروگرام کے ذریعے عملی میدان میں لائی جانے والی توانائی ذخیرہ کرنے والی ٹیکنالوجیز اس بات کو یقینی بنا رہی ہیں کہ نیو یارک کے لوگوں کو صاف قابل تجدید توانائی سے چلنے والے الیکٹرک گرڈ تک رسائی بھی حاصل ہوگی اور یہ ذہنی اطمینان بھی حاصل ہوگا کہ ان میں زبردست حفاظتی اقدامات کے ساتھ کافی بجلی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کی سپورٹ موجود ہوگی۔"

NY Best کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر William Acker نے کہا، "NY-BEST نے آج گورنر Hochul کی جانب سے طویل مدتی توانائی ذخیرہ کرنے کے حل کے لئے اضافی ریاستی فنڈنگ فراہم کرنے کے اعلان کو بہت سراہا ہے۔ ڈی کاربنائزڈ گرڈ کے حصول اور فوسل ایندھن سے چلنے والے پاور پلانٹس کو مکمل طور پر ختم کرنے کے

لئے طویل مدتی توانائی ذخیرہ کرنے والی تکنیکیں لازمی ہیں، اور اس جیسی سرمایہ کاری ریاست نیو یارک میں اس اہم ٹیکنالوجی حل کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔"

ریاست کے ماحولیاتی ایکٹ کے اہداف کو پورا کرنے اور ریاست بھر میں توانائی ذخیرہ کرنے کے نظام کی حفاظت اور سیکورٹی کو یقینی بنانے کے لئے بڑے پیمانے پر توانائی ذخیرہ کرنا بہت اہم امر ہے۔ گزشتہ ماہ، گورنر Hochul نے ایک نیا انٹر ایجنسی فائر سیفٹی ورکنگ گروپ تشکیل دینے کا اعلان کیا تھا۔ اگرچہ توانائی ذخیرہ کرنے کی تنصیبات میں آگ شاذ و نادر ہی لگتی ہے، لیکن تب بھی گورنر نے نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن آف ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز آفس آف فائر پریوینشن اینڈ کنٹرول، NYSERDA، نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف انوائرمنٹل کنزرویشن، ڈپارٹمنٹ آف پبلک سروس اور محکمہ خارجہ کو ہدایت کی ہے کہ وہ توانائی ذخیرہ کرنے والے مقامات پر لگنے والی آگ اور حفاظتی معیارات کا آزادانہ طور پر جائزہ لینے والے ورکنگ گروپ کی قیادت کریں۔ یہ گروپ توانائی ذخیرہ کرنے کی بنیادی وجوہات اور ہنگامی ردعمل کے تجزیوں میں قومی سطح پر معروف ماہرین اور قومی لیبارٹریوں کے تجربے سے فائدہ اٹھائے گا تاکہ آزادانہ طور پر عمومی وجوہات، ہوا کی نگرانی کے نتائج یا دیگر کمیونٹی اثرات، اور توانائی ذخیرہ کرنے کی جگہوں پر آتشزدگی کے واقعات سے متعلقہ دیگر عوامل کا جائزہ لیا جا سکے اور ان کی نشاندہی کی جا سکے۔ نتائج اور ان کے بعد سامنے آنے والی سفارشات کو نیو یارک سٹی فائر ڈپارٹمنٹ، نیشنل فائر پروٹیکشن ایسوسی ایشن، انٹرنیشنل کوڈ کونسل، نیویارک اسٹیٹ فائر پریوینشن اینڈ بلڈنگ کوڈ کونسل اور انڈر رائٹرز لیبارٹریز کے ساتھ شیئر کیا جائے گا، جس سے نیویارک کی حیثیت آگ سے حفاظت اور اسٹیشنری انرجی اسٹوریج سسٹمز میں ایک قومی اور بین الاقوامی رہنما کے طور پر قائم ہو جائے گی۔

یہ فنڈنگ این وائی NYSERDA کے قابل تجدید آپٹمائزیشن اور انرجی اسٹوریج انوویشن پروگرام کے ذریعے پیش کی جاتی ہے اور تحقیق، ترقی اور کمرشلائزیشن میں نیو یارک اسٹیٹ کی سرمایہ کاری پر مبنی ہے تاکہ ان جدت طرازوں کی مدد کی جا سکے جو پوری معیشت میں کاربن غیر جانبداری والے ریاستی اہداف کو پورا کرنے کے لئے درکار کم اخراج اور کاربن کو الگ کرنے والی ٹیکنالوجیوں کی تحقیق و پیشرفت میں تیزی لا رہے ہیں۔
NYSERDA کا اختراعی پروگرام 10 سال کے عرصے کے دوران گرانٹس اور ہمہ پہلو کمرشلائزیشن معاونت کے ذریعے براہ راست سرمایہ کاریوں کے طور پر 800$ ملین کی رقم مختص کر رہا ہے۔ نجی سرمایہ کاری میں 680$ ملین ڈالر سے زیادہ اور پروجیکٹ فنانس کیپیٹل میں 200$ ملین سے زیادہ کی رقوم فعال کی گےءی ہیں، اور این وائی ایس ای آر ڈی اے کی ٹیکنالوجی اور کاروباری ترقی کی سرمایہ کاری کے نتیجے میں 450 سے زیادہ جدید صاف توانائی کی مصنوعات کو کمرشلائز کیا گیا ہے، جس میں LED لائٹنگ سسٹم ، گھریلو آلات ، طویل مدت تک چلنے والی بیٹریاں ، اور حرارت اور ٹھنڈک پیدا کرنے کے زیادہ مؤثر سسٹمز شامل ہیں۔

NYSERDA کے ان اقدامات کے لیے فنڈنگ ریاست کے 10 سالہ، 6$ بلین صاف توانائی فنڈ کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ اس فنڈنگ کے بارے میں مزید معلومات NYSERDA کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک کا پورے ملک کی قیادت کرنے والا ماحولیاتی منصوبہ

ریاست نیو یارک کے قومی سطح کے ماحولیاتی ایجنڈا میں ایک منظم اور منصفانہ منتقلی کا مطالبہ کیا گیا ہے جو گھرانوں کے لیے پائیدار ملازمتیں پیدا کرے، تمام شعبوں میں سرسبز معیشت کو فروغ دے، اور اس بات کو یقینی بنائے کہ صاف توانائی کی سرمایہ کاریوں کی مراعات کے 40% فیصد ہدف کے ساتھ کم از کم 35% فیصد سرمایہ کاریوں کا رخ غریب اور پسماندہ کمیونٹیز کی جانب رکھا جائے۔ موسمیاتی اور صاف توانائی سے متعلق ملک کے بعض انتہائی پُرعزم اقدامات سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے نیویارک سنہ 2040 تک کاربن کے صفر اخراج والے بجلی کے شعبے کے حصول کی راہ پر گامزن ہے، جس میں 2030 تک 70% فیصد قابلِ تجدید توانائی کی پیداوار اور وسط صدی تک معیشت کو کاربن سے پاک کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ نیو یارک کی جانب سے صاف توانائی پر بے مثال سرمایہ کاری کرنا اس تبدیلی کا ایک کلیدی سنگِ بنیاد ہے، جس میں پوری ریاست میں بڑے پیمانے والے 120 قابلِ تجدید اور ٹرانسمیشن پروجیکٹس میں 35$ بلین سے زائد، عمارتوں سے ہونے والے مضر اخراجوں کو کم کرنے کے لیے 6.8$ بلین، شمسی توانائی کا حجم بڑھانے کے لیے 3.3$ بلین، صاف نقل و حمل والے اقدامات کے لیے 1$ بلین سے زائد، اور NY گرین بینک کے وعدوں میں 2$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاریاں شامل ہیں۔ یہ اور دیگر سرمایہ کاریاں سال 2021 میں نیو یارک کے صاف توانائی کے شعبے میں 165,000 سے زائد ملازمتوں کی معاونت کر رہی ہیں اور سال 2011 کے بعد سے تقسیم شدہ شمسی شعبے میں 3,000% فیصد سے زیادہ کی نمو لا

رہی ہیں۔ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور ہوا کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے، نیو یارک نے صفر اخراج کرنے والی گاڑیوں کے ضابطے بھی بنائے ہیں، جن کے تحت 2035 تک پابند بنایا جائے گا کہ ریاست میں فروخت کی جانے والی تمام نئی مسافر گاڑیاں اور لائٹ ڈیوٹی ٹرکس صفر اخراج کرتے ہوں۔ تقریباً 400 رجسٹرڈ اور 100 مصدقہ موسمیاتی سمارٹ کمیونٹیز، تقریباً 500 صاف توانائی والی کمیونٹیز، اور پوری ریاست میں 10 غریب و پسماندہ کمیونٹیز میں فضائی آلودگی کی نگرانی کرنے اور اسے بتدریج ختم کرنے والی ریاست کی سب سے بڑی کمیونٹی پہل کاریوں کے ذریعے نیو یارک کے ماحولیاتی اقدامات میں مزید تیزی لانے کے لیے شراکت داریاں کی جا رہی ہیں، تاکہ فضائی آلودگی اور موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے والے اپنے اہداف کے حصول میں مدد مل سکے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں